اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

جگہ کا انتخاب کرنے کے مدنی پھول

﴿سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ﴾

سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کے لئے جگہ کا انتخاب کرتے وقت درج ذیل مدنی پھولوں کا دھیان رکھا جائے۔(بہتر ہے کہ کسی جامعۃ المدینہ یا مدرستہ المدینہ جو(وقفی عمارت نہ ہو)میں ہو ورنہ کسی گھر میں ہو)

﴿1﴾ تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) کے درمیان واقع جگہ کا انتخاب کیا جائے۔ جگہ صاف ستھری ہو تاکہ شرکاءِ اجتماع کو کراہیت محسوس نہ ہو۔

﴿2﴾ روشن، ہوادار اور کشادہ ہو تاکہ لوڈ شیڈنگ کی صورت میں بھی اجتماع میں خلل واقع نہ ہو۔ (U.P.S یا جنریٹر کی سہولت ہو تو مدینہ مدینہ !!)

﴿3﴾ پردے کا مکمل انتظام ہو۔

﴿4﴾ پینے کے پانی کی سہولت ہو۔

﴿5﴾ وضو خانے اور استنجاء خانے کی سہولت موجود ہو۔

﴿6﴾ حفاظتی امور کے پیشِ نظر آنے جانے کا راستہ کشادہ ہو بہتر ہے کہ آنے جانے کے دو راستے ہوں۔

﴿7﴾ ایسے اَہلِ محبت (جنکا دوسری تنظیم یا بدمذہبوں سے تعلق نہ ہو، گھر کے کسی فرد کے بارے میں اخلاقیات کے حوالے سے کوئی شکایت مثلاً کردار صحیح نہ ہونا، پڑوسیوں سے جھگڑنا وغیرہ نہ ہو اور نہ ہی اس گھر / اسکول / ادارے میں دیگر سرگرمیاں مثلاً بیوٹی پارلر یا مخلوط تعلیم والا ٹیوشن سینٹر وغیرہ ہو) سے رابطہ کیا جائے جو اپنے گھر / اسکول / ادارے کا ایک حصہ ماہ میں 1 دن 3 گھنٹے کے لئے دیں جہاں سیکھنے سکھانے کا حلقہ بآسانی کیا جاسکے۔ ۔(یاد رہے کہ گھر / اسکول / ادارے کے اسلامی بھائی یا سرپرست اور سب گھر والوں کا گھر میں اجتماع کرنے پر متفق ہونا ضروری ہے۔)

مندرجہ بالا مدنی پھولوں کے مطابق جگہ اگر کسی کے گھر / اسکول / ادارے میں ہو تو درج ذیل مدنی پھول انہیں تحریری طور پر دینے کے بجائے حکمت عملی کے ساتھ سمجھا دیئے جائیں۔

☆ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کی دعوت کے لئے آپ کے گھر / اسکول / ادارے کا ایڈریس بتایا جائے گا لہٰذا اس سلسلے میں ناگواری محسوس نہ کی جائے۔(لیکن تشہیر کے لئے گھر کے باہر بورڈ نہ لگایا جائے)

☆ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کے دوران اس کمرے میں اہل خانہ کی آمد و رفت نہ ہو نیز دوسرے کمروں میں بھی مرد موجود نہ ہوں کہ آواز کی بے پردگی کا اندیشہ ہے۔

☆ دوران سیکھنے سکھانے کا حلقہ گانے باجے وغیرہ ہرگز نہ بجائے جائیں نہ ہی ٹی وی چلایا جائے۔

☆ گھر میں خوشی و غمی کے مواقعوں پر بھی آپ کا تعاون ہمارے ساتھ ہو تاکہ کسی طرح اجتماع متاثر نہ ہو۔

☆ اپنی ذاتی تقاریب مثلاً قرآن خوانی وغیرہ کی دعوت شرکاء اجتماع کو انفرادی یا اجتماعی طور پر دینے اور کسی بھی طرح کا اعلان اپنے ادارے وغیرہ کے حوالے سے کرنے کی سیکھنے سکھانے کے حلقے میں دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

☆ ہمارے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ میں جمع ہونے والے ڈونیشن "دعوتِ اسلامی" کے دینی کاموں میں ہی استعمال ہوں گے اور ہم اسے اپنی ذمہ دار تک پہنچانے کے پابند ہیں۔

☆ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کے اوقات میں اہل خانہ / عملہ کی کم از کم ایک اسلامی بہن کی موجودگی ضروری، ضروری اور اشد ضروری ہے اور التجاء ہے کہ اہلِ خانہ اجتماع گاہ میں اوّل تا آخر ضرور شرکت فرمائیں۔

☆ اگر سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ کسی ذمہ دار اسلامی بہن کے گھر منعقد ہو جو تلاوت تا صلوٰۃ و سلام کسی بھی چیز کی سعادت حاصل کرتی ہوں تو انہیں یہ ذہن بھی دیا جائے کہ وہ برقع پہن کر ہی اپنی باری انجام دیں۔

☆ دوران سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ،گھریلو کام یا فون وغیرہ اٹینڈ نہ کیا جائے کہ اس طرح اجتماع میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ ہے۔

☆ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ مکمل تلاوت تا صلوٰۃ و سلام شیڈول کے مطابق ہو لہٰذا اس سلسلے میں آپ کا تعاون درکار ہو گا۔

☆ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کے بعد کسی بھی طرح کی خیر خواہی مثلاً چائے / شربت اور نیاز وغیرہ کا سلسلہ نہ ہو چاہیں تو تقسیمِ رسائل کا اہتمام کرسکتے ہیں۔

☆ ضرورتاً سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ دوسری جگہ شفٹ کیا جاسکتا ہے۔

☆ اگر آپ اپنے گھر سے سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ختم کرنا چاہیں تو کم از کم 3 ماہ قبل اس کی اطلاع ضرور دیجئے تاکہ دوسری جگہ انتظام کیا جاسکے۔